
# اسلام آباد سے عوامی آگاہی

نصف سے زائد **55%** پاکستانیوں کے مطابق وہ کبھی اسلام آباد نہیں گئے؛ جبکہ زیادہ تعلیم یافتہ افراد کے دارالحکومت جانے کے امکانات نمایاں طور پر زیادہ ہیں **71%** بمقابلہ **39%**۔

برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کبھی اسلام آباد گئے ہیں؟




معلوم نہیں جواب نہیں دیا: 1 فیصد

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سفر / نقل وحرکت

اسلام آباد سے عوامی آگاہی

**نصف سے زائد (55%) پاکستانیوں کے مطابق وہ کبھی اسلام آباد نہیں گئے؛ جبکہ زیادہ تعلیم یافتہ افراد کے دارالحکومت جانے کے امکانات نمایاں طور پر زیادہ ہیں (71% بمقابلہ 39%)۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 16 اپریل 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی نصف سے زائد شرح (55%) کا یہ کہنا ہے کہ وہ کبھی اسلام آباد نہیں گئی، جبکہ 44% افراد نے بتایا کہ اُنہیں اسلام آباد جانے کا اتفاق ہوا ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات جو اسلام آباد میں رہائش پذیر نہیں ہیں یا اسلام آباد سے تعلق نہیں رکھتے سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کبھی اسلام آباد گئے ہیں؟** "۔اس سوال کے جواب میں، 44% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" وہ اسلام آباد گئے ہیں، جو یہ ظاہر کرتا ہے اُنہیں کم از کم ایک بار اسلام آباد جانے کا اتفاق ہوا ہے، جبکہ 55% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" وہ اسلام آباد نہیں گئے۔ 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان کی اکثریت کو دارالحکومت جانے کا اتفاق نہیں ہوا، جس میں نصف سے زائد افراد نے کبھی اسلام آباد نہ جانے کی اطلاع دی۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ لوگوں کی بڑی تعداد کا ملک کے انتظامی مرکز سے براہِ راست تعلق یا تجربہ نہیں ہے۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کبھی اسلام آباد گئے ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 787 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**<u>تعلیم کے اعتبار سے نتائج</u>:** تعلیم کے اعتبار سے اعداد و شمار کا جائزہ لیا جائے تو اسلام آباد جانے کے حوالے سے نتائج میں واضح فرق سامنے آتا ہے۔ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں، صرف 39% نے بتایا کہ وہ اسلام آباد جا چکے ہیں، جبکہ 60% کا یہ کہنا ہے کہ وہ کبھی اسلام آباد نہیں گئے۔ اس کے برعکس، ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد کی نمایاں زیادہ شرح (71%) نے بتایا کہ اُنہیں اسلام آباد جانے کا اتفاق ہوا ہے، جبکہ صرف 29% کے مطابق کہ وہ کبھی اسلام آباد نہیں گئے۔

یہ رجحان ظاہر کرتا ہے کہ تعلیم کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ اسلام آباد جانے کے امکانات میں بھی نمایاں طور پر اضافہ ہوا ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ دارالحکومت میں اعلیٰ تعلیمی ادارے، سرکاری دفاتر اور روزگار کے مواقع زیادہ موجود ہیں، جس کی وجہ سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد کے لیے وہاں جانا نسبتاً آسان ہوتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 16 April 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as **Gallup Pakistan** (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by **Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)